بسم اللہ الرحمن الرحیم

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (سورۃ الاحزاب:21)

''اور تمہارے لئے اللہ کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے''۔

اسوۂ حسنہ ﷺ کوئز

مولانا اختر سلطان اصلاحی

شائع کردہ

انجمن تعمیر اخلاق پبلی کیشنز، کھیڈ، رتناگیری (مہاراشٹرا)

اسوۂ حسنہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نمبر	سوال	جواب
۱	"لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ" کا کیا ترجمہ ہے؟	تمہارے لئے رسول اللہ کی زندگی میں بہتر نمونہ ہے
۲	"مَا اٰتَاكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا" کا کیا ترجمہ ہے؟	جو رسول تمہیں دیں اسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ
۳	"وَمَا اَرْسَلْنَاكَ اِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِيْنَ" کا کیا ترجمہ ہے؟	اور ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ساری دنیا کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے
۴	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں میں سب سے بہتر کسے قرار دیا ہے؟	جن کے اخلاق بہتر ہوں
۵	"[illegible]" بیشک آپ بہت اونچے اخلاق پر فائز ہیں۔ یہ بات پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں کس سورہ میں کہی گئی ہے؟	سورۃ القلم، آیت ۴
۶	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں یہ بات کس نے کہی کہ آپؐ کے اخلاق قرآن جیسے تھے؟	حضرت عائشہؓ
۷	قوم کا ایک بدترین آدمی جب پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سے کیسے بات کی؟	نرم انداز میں
۸	جب پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوہ صفا سے کہا اے قریش کے لوگو کیا تم میری بات کا یقین کرو گے تو انہوں نے کیا جواب دیا؟	ہاں کیونکہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو صادق اور امین پایا ہے
۹	عقبہ بن ابی معیط نے حالت سجدہ میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اونٹ کی اوجھڑی ڈال دی اس پر پیارے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کیا؟	آپ سکون سے سجدہ میں پڑے رہے
۱۰	کفار نے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکان پر پتھر اور گندگی پھینکی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کہا؟	اے بنو عبد مناف! ہمسائیگی کا حق خوب ادا کرتے ہو

۱۱	طائف میں شریروں نے پیارے نبی ﷺ پر پتھر برسائے، گالیاں دیں، چہرے کو لہولہان کر دیا مگر آپ ﷺ نے ان کے حق میں کیا کیا؟	ہدایت کے لئے دعا کی
۱۲	ایک بار کچھ شریر پیارے نبی ﷺ کے گھر آئے اور حضورؐ کو گالم گلوج کیا تو پیارے نبی ﷺ نے کیا کیا؟	گھر کے اندر گئے اور کملی اوڑھ کر لیٹ گئے
۱۳	ابولہب اور اس کی بیوی کی ایذا رسانیوں کو پیارے نبی ﷺ نے کس طرح برداشت کیا؟	صبر و تحمل کے ساتھ
۱۴	عثمان ابن طلحہ نے پیارے نبی ﷺ نے کو خانہ کعبہ میں داخل ہونے سے روکا تو آپؐ نے خدا کی قسم کھا کر کیا کہا؟	ایک دن کعبہ کی کلید میرے ہاتھ میں ہوگی
۱۵	مکہ فتح ہونے کے بعد جب کلید کعبہ آپؐ کے ہاتھ آئی تو آپ ﷺ نے اسے کس کے حوالے کر دیا؟	عثمان ابن طلحہؓ
۱۶	ضماد پیارے نبی ﷺ کے پاس آپؐ کے ذہنی علاج کرنے کی غرض سے آئے تو آپ ﷺ نے انہیں کیا پڑھ کر سنایا؟	قرآن کریم کی چند آیات
۱۷	ضماد بن ثعلبہ نے نبی ﷺ سے قرآن سنا تو ان پر کیا اثر ہوا؟	ایمان لے آئے
۱۸	ایک دفعہ قریش نے آپ ﷺ کے جسم پر کیچڑ پھینکا آپؐ کی حالت دیکھ کر بیٹیاں رونے لگیں تو اس پر آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟	رو و نہیں، اللہ جلد قریش سے نجات دے گا
۱۹	ابوجہل نے عکاظ کے میلے میں پیارے نبی ﷺ کے چہرے پر چپت ماری تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟	خاموش رہے، صبر کیا
۲۰	پیارے نبی ﷺ طائف کے لوگوں کو حق کی دعوت دیتے تو وہ کیا کرتے؟	گالیاں دیتے، مذاق اڑاتے اور پتھر مارتے
۲۱	رسول اللہ ﷺ کا رویہ ایفائے عہد کے سلسلے میں کیسا تھا؟	وعدہ ہمیشہ پورا کرتے
۲۲	قیصر روم نے جب ابوسفیان سے پوچھا کہ کیا محمد ﷺ نے کبھی عہد شکنی کی ہے تو اس نے کیا جواب دیا؟	کبھی نہیں

۲۳	حضرت عبداللہ ابن الحمساء نے ایک جگہ رسول ﷺ کو انتظار کرنے کے لئے کہا جب وہ تین دن کے بعد واپس آئے تو رسول اللہ ﷺ کو کہاں پایا؟	وہیں انتظار کرتے ہوئے
۲۴	''میں تین دن سے تمہارا انتظار کر رہا ہوں گرچہ مجھے تکلیف ہوئی لیکن میں نے تم کو معاف کیا'' یہ بات پیارے نبی ﷺ نے کس سے کہی؟	عبداللہ ابن الحمساء سے
۲۵	حذیفہ بن الیمان اور ابو جہل نے مکہ کے کافروں سے یہ عہد کرلیا تھا کہ وہ جنگ میں پیارے نبی ﷺ کا ساتھ نہ دیں گے، مدینہ آکر وہ یہ عہد توڑنا چاہتے تھے پیارے نبی ﷺ نے ان سے کیا کہا؟	ہر حال میں عہد پورا کرو
۲۶	حضرت ابو جندل کو پیارے نبی ﷺ نے ان کی خواہش کے باوجود کیوں اہل مکہ کے حوالے کر دیا تھا؟	یہ معاہدہ تھا کہ مکہ سے آنے والے کو واپس کیا جائے گا
۲۷	حضرت ابو رافعؓ قریش کے سفیر بن کر مدینہ آئے تو حضور ﷺ سے انہوں نے کیا خواہش ظاہر کی؟	اب میں مکہ واپس نہ جاؤں گا
۲۸	قریش کے سفیر ابو رافع نے مکہ نہ جانے کی خواہش کا اظہار کیا تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟	سفیر کو روکنا مناسب نہیں ہے تم واپس جاؤ
۲۹	پیارے نبی ﷺ سائل کے ساتھ کیا معاملہ کرتے؟	کچھ نہ کچھ ضرور دیتے
۳۰	پیارے نبی ﷺ کے پاس اگر سائل کو دینے کے لئے کچھ نہ ہوتا تو کیا کرتے؟	بہت منت سے معذرت کرتے
۳۱	رسول اللہ ﷺ نے قرض چھوڑ کر مر جانے والے مسلمان کے متعلق کیا اعلان کیا تھا؟	قرض میں ادا کروں گا
۳۲	ایک بدو نے پیارے نبی ﷺ سے کتنی بکریاں مانگیں جو آپ ﷺ نے دے دیں؟	دونوں پہاڑوں کے درمیان جتنے ریوڑ تھے

نمبر	سوال	جواب
۳۳	ایک بار پیارے نبی ﷺ کے پاس دو اشرفیاں بچ رہیں اس سے آپ ﷺ کو کیا پریشانی ہوئی؟	پوری رات نیند نہ آئی
۳۴	ایک بار جب پیارے نبیؐ کے پاس دو اشرفیاں بچ رہیں اور آپ رات بھر بے سکون رہے تو عائشہؓ نے کیا کہا؟	صبح خیرات کر دیجئے گا
۳۵	ایک بار جب حضرت عائشہؓ نے کہا اے اللہ کے رسولؐ سکون سے آرام کیجئے صبح اشرفیاں صدقہ کر دیجئے گا تب آپؐ نے کیا فرمایا؟	کیا خبر صبح تک میں زندہ رہوں
۳۶	ایک بار نوے ہزار درہم آئے جو بھی سائل آتا پیارے نبی ﷺ اسے دیتے جاتے یہاں تک کہ کیا ہوا؟	سب ختم ہوگیا
۳۷	ایک بار ایک سائل سے پیارے نبی ﷺ نے کیوں کہا کہ میرے نام پر قرض لے لو میں ادا کر دوں گا؟	آپ ﷺ کے پاس دینے کو کچھ نہ تھا
۳۸	ایک قرض خواہ وصولی کے لئے آیا تو آپ ﷺ نے اسے آدھا وسق کے بدلے ایک وسق غلہ دیتے ہوئے کیا فرمایا؟	آدھا قرض کا ہے اور آدھا ہدیہ
۳۹	ایک بدو نے مال کا مطالبہ کرتے ہوئے پیارے نبی ﷺ کی چادر کتنی زور سے کھینچی؟	چادر کا کنارہ آپؐ کی گردن میں پھنس گیا
۴۰	بدتمیزی کرنے والے بدو سے جب پیارے نبیؐ نے پوچھا کیا تم اس سلوک پر مجھ سے نہیں ڈرتے تو اس نے کیا جواب دیا؟	آپؐ بدی کا بدلہ بدی سے نہیں دیتے
۴۱	بدتمیزی سے مال کا مطالبہ کرنے والے بدوی کو پیارے نبی ﷺ نے کیا عطا کیا؟	ایک اونٹ پر کھجور اور ایک پر جو لدوا دیئے
۴۲	ایک دفعہ جب حضرت بلالؓ نے خبر دی کہ اے اللہ کے رسول ﷺ کچھ رقم آپؐ کے گھر میں بچ گئی ہے تو آپؐ نے کیا فرمایا؟	جب تک یہ رقم بچی رہے گی میں گھر نہیں جا سکتا
۴۳	جب حضرت بلالؓ نے خبر دی کہ باقی رقم بھی تقسیم ہوگئی ہے تو پیارے نبی ﷺ نے کیا کیا؟	گھر تشریف لے گئے
۴۴	بحرین سے آئی کثیر رقم پیارے نبیؐ نے کہاں رکھوائی تھی؟	مسجد کے صحن میں

۴۵ بحرین سے آئی کثیر رقم پیارے نبی کب تک تقسیم کرتے رہے؟ — جب تک سب ختم نہ ہو گئی

۴۶ بحرین سے آئے مال غنیمت میں سے پیارے رسول ﷺ نے حضرت عباسؓ کو کتنا دیا؟ — وہ اسے لے کر مشکل سے چل پاتے

۴۷ ایک بار پیارے نبی ﷺ گھر میں جانے کے بعد تیزی سے پھر واپس آئے، صحابہ نے وجہ پوچھی تو آپؐ نے کیا بتایا؟ — گھر میں کچھ سونا پڑا تھا مجھے ڈر لگا کہ وہ رات کو بھی گھر میں نہ رہے

۴۸ گھر میں پڑے سونے کے بارے میں آپ ﷺ نے ازواج مطہرات کو کیا ہدایت دی؟ — اسے صدقہ کر دیں

۴۹ رسول اکرمؐ کے مزاج میں حد درجہ کیا چیز بھری ہوئی تھی؟ — تواضع

۵۰ پیارے نبی ﷺ کن لوگوں کے ساتھ بیٹھ کر بے تکلف کھانا کھا لیتے؟ — غلاموں، مسکینوں

۵۱ پیارے نبی ﷺ صحابہ کے ساتھ کس طرح رہتے؟ — بالکل گھل مل کر

۵۲ پیارے نبی ﷺ کن سواریوں پر بلا تکلف سوار ہوتے؟ — گدھے اور خچر

۵۳ پیارے نبی ﷺ جانوروں کی کیا خدمت کرتے؟ — چارہ ڈالتے، بدن پر تیل ملتے

۵۴ پیارے نبی ﷺ کا رویہ گھر کے چھوٹے موٹے کاموں کے سلسلے میں کیا تھا؟ — خود کر لیتے

۵۵ "حضور ﷺ اپنے کپڑوں میں پیوند لگاتے، جوتے خود گانٹھ لیتے" یہ روایت کس صحابیہ کی ہے؟ — حضرت عائشہؓ

۵۶ ایک دفعہ پیارے نبی ﷺ نے دیکھا کہ مسجد میں کسی نے ناک صاف کی ہے آپ ﷺ نے اسے ایک پتھر سے صاف کرتے ہوئے کیا کہا؟ — مسجد خدا کا گھر ہے اس میں گندگی نہ کرو

۵۷ ایک بار پیارے نبیؐ اپنے جوتے کا ٹوٹا تسمہ خود ٹانکنے لگے ایک صحابی نے کہا لائیے میں ٹانک دوں تو آپؐ نے کیا فرمایا؟ — مجھے اپنی بڑائی جتانا پسند نہیں ہے

۵۸ حضرت انسؓ کے مطابق پیارے نبی ﷺ نے حج کے دوران جو چادر پہنی تھی اس کی قیمت کیا تھی؟ — صرف چار درہم

۵۹	ایک آدمی نے پیارے نبی ﷺ کا ہاتھ چومنا چاہا تو آپ ﷺ نے کیا کہتے ہوئے ہاتھ ہٹالیا؟	یہ تو اہل عجم کا طریقہ ہے
۶۰	پیارے نبی ﷺ بنی قریظہ کی طرف گئے تو جس گدھے پر سوار تھے اس کی پشت پر زین کی جگہ کیا تھی؟	چٹائی
۶۱	دو صحابی پیارے نبی ﷺ کے مکان پر گئے تو انہوں نے آپ ﷺ کو کیا کرتے ہوئے دیکھا؟	اپنے گھر کی مرمت
۶۲	حضور کی رضاعی بہن شیما آپ ﷺ سے ملنے آئیں تو آپ ﷺ نے کیسے ان کی خاطر داری کی؟	ان کے بیٹھنے کے لئے اپنی چادر بچھادی
۶۳	حضور ﷺ نے اپنی رضاعی بہن شیما کو کیا چیزیں عنایت کیں؟	ایک کنیز، ایک غلام اور بکریوں کا ایک ریوڑ
۶۴	حضور کی رضاعی بہن شیما آپ ﷺ کے حسن سلوک سے کتنا متاثر ہوئیں؟	اسی وقت مسلمان ہوگئیں
۶۵	پیارے نبی ﷺ کا لباس کیسا ہوتا تھا؟	موٹا جھوٹا جو ملتا پہن لیتے
۶۶	پیارے نبی ﷺ مجلس میں کہاں بیٹھ جاتے؟	جہاں جگہ مل جاتی
۶۷	ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ کو خیر البریہ بہترین مخلوق کہا تو آپ ﷺ نے کیا کہا؟	یہ وصف تو ابراہیمؑ کا ہے
۶۸	پیارے نبی ﷺ نے اپنے تعریف کے سلسلے میں صحابہ کو کیا ہدایت دی؟	میری تعریف میں مبالغہ نہ کرنا
۶۹	ایک آدمی سے پیارے نبیؐ نے کیوں کہا ''میں ایک قریشی عورت کا بیٹا ہوں جو سوکھا گوشت پکا کر کھایا کرتی تھی؟	وہ آپ کو دیکھ کر کانپنے لگا تھا
۷۰	حضور ﷺ کے بیٹے ابراہیم کا جس دن انتقال ہوا تھا اتفاق سے اسی دن سورج گرہن لگا تھا لوگوں نے اس سے کیا خیال کیا؟	ایسا ابراہیم کی موت کی وجہ سے ہوا ہے

۷۱	"لوگو! کسی کی موت سے سورج یا چاند گرہن نہیں لگتا یہ خدا کی قدرت کا ایک نشان ہے" یہ بات پیارے نبی ﷺ نے کن لوگوں سے کہی؟	جو سمجھتے کہ گرہن آپ کے بیٹے ابراہیم کی موت کی وجہ سے لگا ہے
۷۲	"خدا اگر کسی کو اونچا اٹھاتا ہے تو نیچا بھی دکھاتا ہے" یہ بات پیارے نبی ﷺ نے کب کہی؟	جب ایک اعرابی آپؐ کی سواری سے آگے نکل گیا
۷۳	مسجد نبوی اور مسجد قبا کی تعمیر میں پیارے نبی ﷺ نے کس طرح کام کیا؟	عام مزدوروں کی طرح
۷۴	جنگ خندق کے موقع پر پیارے نبی ﷺ عام مسلمانوں کے ساتھ کیا کرتے تھے؟	خندق کھودتے تھے
۷۵	خندق کھودتے وقت آپ ﷺ کی کیا حالت ہوتی تھی؟	جسم گرد و غبار سے اٹ جاتا تھا
۷۶	ایک سفر میں صحابہ نے کھانا پکانا شروع کیا تو آپ ﷺ نے کون سا کام اپنے ذمہ لیا؟	جنگل سے لکڑیاں لانے کا
۷۷	صحابہ نے جب آپ ﷺ سے کہا آپ ﷺ کچھ نہ کریں ہم کافی ہیں تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟	مجھے یہ پسند نہیں کہ تم سے اپنے کو ممتاز کروں
۷۸	"اگر محمد ﷺ کی بیٹی فاطمہؓ بھی چوری کرتی تو میں اس کے بھی ہاتھ کاٹ دیتا" یہ بات پیارے نبی ﷺ نے حضرت اسامہؓ سے کب کہی؟	جب انہوں نے ایک معزز عورت کو سزا نہ دینے کی سفارش کی
۷۹	غزوہ بدر میں سواری کم تھی ایک سواری پر باری باری تین آدمی چڑھتے لوگوں نے آپ ﷺ کو سوار رہنے کا مشورہ دیا تو آپ ﷺ نے کیا کہا؟	میں تم سے کم پیدل چل نہیں سکتا
۸۰	پیارے نبیؐ کو دیکھ کر صحابہ کیوں تعظیم کیلئے نہ کھڑے ہوتے؟	آپؐ ناراض ہوتے
۸۱	پیارے نبی ﷺ کے پاس مجلس میں کوئی چیز آتی تو آپ ﷺ اسے کس طرف سے تقسیم کرتے؟	دائیں طرف سے

۸۲ پیارے نبی ﷺ ہمیشہ اپنی ضرورت پر کس کی ضرورت کو ترجیح دیتے تھے؟ — دوسروں کی

۸۳ ایک آدمی نے مرتے وقت سات باغ رسول اللہ ﷺ کو وقف کردیئے، آپ ﷺ نے اس باغ کی آمدنی کا کیا کیا؟ — اللہ کی راہ میں وقف کردیا

۸۴ ایک خاتون نے پیارے نبی ﷺ کو ایک چادر دی اسی وقت ایک صحابی نے چادر کی خواہش کی آپؐ نے کیا کیا؟ — فوراً وہ چادر ان کو دے دی

۸۵ پیارے نبی ﷺ کی بیٹی فاطمہ تشریف لاتیں تو نبیؐ کیا کرتے؟ — کھڑے ہوجاتے، انکی پیشانی چوم لیتے

۸۶ فاطمہؓ زہرا تنگ دستی کی وجہ سے کون سا کام خود کرتیں؟ — چکی پیستیں خود ہی پانی بھرتیں

۸۷ ''ابھی تک اصحاب صفہ کا کوئی مناسب انتظام نہیں ہوا ہے جب تک ان کا انتظام نہ ہوجائے میں تمہیں کچھ نہیں دے سکتا'' پیارے نبی ﷺ نے علیؓ سے یہ بات کب کہی؟ — جب انہوں نے ایک خادم مانگا

۸۸ پیارے نبی ﷺ کے بدترین دشمن بھی کیوں آپ ﷺ کے قدموں میں بچھ جاتے؟ — آپ کی حلم و بردباری سے

۸۹ زید بن سعنہ نے قرض وصول کرنے میں نازیبا سلوک کیا تو پیارے نبی ﷺ نے اسے اس کے قرض کے علاوہ اور کیا دینے کا حکم دیا؟ — بیس صاع زیادہ

۹۰ ایک اعرابی نے مسجد میں پیشاب کیا لوگ اسے مارنے دوڑے تو آپؐ نے لوگوں کو مارنے سے روکا اور کیا حکم دیا؟ — پانی کا ایک ڈول بہادو

۹۱ چند شریر یہودی آئے اور آپؐ کو سلام کے بجائے السام علیکم (تمہیں موت آئے) کہا تو آپؐ نے صرف کیا کہا؟ — وعلیکم (اور تم پر بھی)

۹۲ رسول اللہ ﷺ نے حیا کو کس کی علامت قرار دیا ہے؟ — ایمان کی

۹۳ حضرت ابو سعید خدریؓ نے پیارے نبی ﷺ کی شرم و حیا کی تشبیہ کس سے دی ہے؟ — پردہ میں بیٹھی حیادار لڑکی سے

نمبر	سوال	جواب
۹۴	پیارے نبی ﷺ جب کسی ناگوار شے کو دیکھتے تو اس کا اثر کہاں ظاہر ہوتا؟	آپؐ کے چہرہ مبارک سے
۹۵	بچپن میں تعمیر کعبہ کے دوران جب چچا کے کہنے پر آپؐ نے تہ بند کھولا تو آپ ﷺ پر کیا اثر ہوا؟	شرم سے غش کھا کر گر گئے
۹۶	تعمیر کعبہ کے دوران پیارے نبیؐ غش کھا کر گر پڑے تھے جب ہوش آیا تو آپ ﷺ نے کیا کہا؟	میرا تہبند، میرا تہبند
۹۷	پیارے نبی ﷺ کے سامنے جب کوئی خطا کار اپنی غلطی کا اعتراف کرتا تو آپ ﷺ کیا کرتے؟	شرم سے اپنی گردن جھکا لیتے
۹۸	حضرت جابر بن سمرہؓ نے پیارے نبی ﷺ کی خاموشی کے بارے میں کیا فرمایا؟	آپؐ زیادہ تر خاموش رہتے
۹۹	اگر کسی کی کوئی حرکت پسند نہ آتی تو آپؐ اسے کیسے منع کرتے؟	نام نہ لیتے عام انداز میں ممانعت کرتے
۱۰۰	نبی ﷺ نے طعن و تشنیع کو بھی کس کے خلاف قرار دیا ہے؟	شرم وحیا
۱۰۱	پیارے نبی ﷺ نے بازار سے گزرتے تو کیسے گزرتے؟	نظر جھکائے خاموشی سے
۱۰۲	پیارے نبی ﷺ کس طرح ہنستے؟	قہقہہ نہ لگاتے، بس مسکراتے
۱۰۳	رفع حاجت کیلئے پیارے نبیؐ شہر سے کتنی دور جاتے؟	نگاہوں سے اوجھل ہو جاتے
۱۰۴	رسول اللہ ﷺ کو اللہ نے زہد کے کس درجے پر فائز کیا تھا؟	اعلیٰ درجے پر
۱۰۵	حضرت عائشہؓ کی روایت کے مطابق پیارے نبی ﷺ نے متواتر تین دن تک کیا چیز نہ کھائی؟	گیہوں کی روٹی
۱۰۶	متواتر ایک ماہ تک رسول اللہ ﷺ کے گھر چولہا نہیں جلتا تھا حضرت عائشہؓ کے مطابق گھر کے لوگوں کا گزارا کس چیز پہ ہوتا تھا؟	پانی اور کھجور

نمبر	سوال	جواب
۱۰۷	حضرت عائشہؓ کے مطابق کبھی کبھی پیارے نبی ﷺ کو رات میں نیند کیوں نہ آتی؟	فاقے کی وجہ سے
۱۰۸	پیارے نبی ﷺ نے کبھی پیٹ بھر کر کھانا نہ کھایا مگر آپؐ نے کبھی بھی کس چیز کا شکوہ نہ کیا؟	فقر و فاقہ کا
۱۰۹	پیارے نبیؐ کو کبھی کبھی فاقے سے نیند نہ آتی مگر اگلے دن کیا کرتے؟	روزہ رکھ لیتے
۱۱۰	حضرت عائشہؓ کے مطابق پیارے نبیؐ کے کپڑوں کا کیا حال تھا؟	کوئی کپڑا تہہ کر کے نہ رکھا گیا
۱۱۱	پیارے نبی ﷺ کے کپڑوں کے کتنے جوڑے تھے؟	صرف ایک
۱۱۲	حضرت انسؓ کے مطابق ایک دن پیارے نبی ﷺ کے شکم مبارک پر کیوں کس کر کپڑا بندھا ہوا تھا؟	بھوک کی وجہ سے
۱۱۳	ایک دفعہ چند صحابہ نے فاقہ کشی کی شکایت کی اور اپنے پیٹ پر بندھا پتھر دکھایا تو پیارے نبی ﷺ نے کیا کیا؟	اپنا پیٹ دکھایا جس پر دو پتھر بندھے تھے
۱۱۴	ایک صاحب نے پیارے نبی ﷺ کو ریشم کا شلوکہ نذر کیا آپ ﷺ نے اسے پہنا اور پھر کراہیت کے ساتھ اتارتے ہوئے کیا فرمایا؟	پرہیز گاروں کے لئے یہ لباس مناسب نہیں ہے
۱۱۵	حضرت عمرؓ نے پیارے نبی ﷺ کے جسم پر کھری چارپائی کے بان کے نشان دیکھے تو کیا فرمایا؟	قیصر و کسریٰ تو عیش کریں اور آپؐ کا یہ حال
۱۱۶	ایک دفعہ صحابہؓ نے خواہش ظاہر کی کہ آپؐ کے لئے ایک گدا بنوا دیں آپؐ نے اس پر کیا فرمایا؟	مجھے دنیا سے کیا کام
۱۱۷	پیارے نبی ﷺ جب دنیا سے رخصت ہوئے اس وقت آپ ﷺ کے گھر میں کھانے کو کیا تھا؟	تھوڑے سے جو کے سوا کچھ نہیں
۱۱۸	رحلت سے پہلی شب حضرت عائشہؓ نے چراغ کے لئے تیل کہاں سے منگوایا تھا؟	پڑوسن سے

نمبر	سوال	جواب
۱۱۹	پیارے نبی ﷺ نے جن کپڑوں میں وفات پائی ان کی کیا حالت تھی؟	کئی پیوند لگے تھے
۱۲۰	وفات کے وقت آپ ﷺ کی زرہ ایک یہودی کے پاس کس چیز کے عوض گروی رکھی تھی؟	تین صاع جو
۱۲۱	پیارے نبیؐ نے پوری عمر ذاتی معاملے میں کسی سے کیا نہیں لیا؟	بدلہ
۱۲۲	پیارے نبیؐ نے بدترین دشمن پر قابو پانے کے بعد کیا کیا؟	ان کو معاف کر دیا
۱۲۳	کوہ تنعیم سے مسلمانوں کو قتل کی نیت سے آنے والے اسّی لوگ جب گرفتار ہو گئے تو پیارے نبی ﷺ نے ان کے ساتھ کیا برتاؤ کیا؟	سب کو آزاد کر دیا
۱۲۴	غورث بن حارث آپ ﷺ کو شہید کرنے آیا، تلوار کھینچ کر بولا اب آپؐ کو کون بچائے گا؟ پیارے نبی ﷺ نے اطمینان سے کیا جواب دیا؟	اللہ
۱۲۵	غورث بن حارث کے ہاتھ سے تلوار کیوں چھوٹ کر گر گئی تھی؟	آپ ﷺ کا اللہ پر اعتماد دیکھ کر وہ ڈر گیا
۱۲۶	غورث کی تلوار اٹھا کر جب پیارے نبی ﷺ نے اس سے پوچھا کہ اب تم کو کون بچائے گا تو اس نے کیا کہا؟	آپ ﷺ
۱۲۷	پیارے نبی ﷺ نے آپؐ پر حملے کا ارادہ کرنے والے غورث بن حارث سے کیا کہا؟	میں نے تجھے معاف کر دیا
۱۲۸	مکہ میں قحط پڑا تو پیارے نبی ﷺ نے کس کی درخواست پر اہل مکہ کے لئے دعا کی؟	ابوسفیان کی
۱۲۹	ابوسفیان کی درخواست پر جب پیارے نبی ﷺ نے اہل مکہ کے قحط کو دور کرنے کی دعا کی تو اس کا کیا اثر ہوا؟	بارش ہوئی اور قحط دور ہو گیا
۱۳۰	ثمامہ بن اثال کو گرفتار کر کے مسجد نبوی میں کیوں باندھا گیا تھا؟	وہ پیارے نبیؐ کا شدید دشمن تھا

۱۳۱	''اگر آپ مجھے قتل کریں گے تو میں اس کا مستحق ہوں اور احسان کریں تو وہ آپ ﷺ کی عادت ہے'' پیارے نبی ﷺ سے کس دشمن نے یہ بات کہی؟	ثمامہ بن اثال
۱۳۲	ثمامہ بن اثال کو جب پیارے نبی ﷺ نے اس کی امید کے برخلاف آزاد کردیا تو اس پر کیا اثر ہوا؟	اس نے اسلام قبول کرلیا
۱۳۳	''آج سے پہلے مجھ سے بڑھ کر آپ ﷺ کا کوئی دشمن نہ تھا لیکن آج آپ ﷺ سے بڑھ کر کوئی محبوب نہیں ہے'' ثمامہ نے پیارے نبی ﷺ سے یہ بات کب کہی؟	قبول اسلام کے بعد
۱۳۴	جب یہودی عورت نے آپ ﷺ کو زہر دیا تھا جب وہ رحم کی طالب ہوئی تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟	اسے معاف کردیا
۱۳۵	غزوہ احد میں جب پیارے رسول ﷺ شدید زخمی ہوئے تو آپ ﷺ سے درخواست کی گئی کہ آپ ﷺ کافروں کے بد دعا کریں اس پر آپؐ نے کیا فرمایا؟	میں لعنت کرنے کے لئے نبی نہیں بنایا گیا ہوں
۱۳۶	طائف کے لوگوں کے لئے پیارے نبی ﷺ نے بد دعا کرنے کے بجائے ان کے لئے کیا امید ظاہر کی؟	ان کی اگلی نسلیں مسلمان ہوں گی
۱۳۷	طائف کا ایک وفد جب پیارے نبی ﷺ کے پاس پہنچا تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟	ان سے عزت سے پیش آئے
۱۳۸	فتح مکہ کے بعد پیارے نبی ﷺ نے سردارانِ مکہ سے کیا سوال کیا؟	اب میں تمہارے ساتھ کیا کرنے والا ہوں
۱۳۹	''اے صادق ، اے امین ! تم ہمارے شریف بھائی اور شریف برادر زادے ہو'' یہ بات سردارانِ مکہ نے پیارے نبی ﷺ کے بارے میں کب کہی؟	فتح مکہ کے بعد
۱۴۰	پیارے نبی ﷺ نے فتح مکہ کے بعد اپنے بدترین دشمنوں سے کیا کہا؟	تم سب آزاد ہو

۱۴۱	ابوسفیان بدترین دشمن اسلام تھالیکن فتح مکہ کے بعد پیارے نبی ﷺ نے اس کے گھر میں داخل ہونے والے کے بارے میں کیا اعلان کیا؟	اسے امان ہے
۱۴۲	کس آدمی کو معاف کرتے ہوئے پیارے نبی ﷺ نے کہا ''تم میرے سامنے نہ آنا کیونکہ تم کو دیکھ کر مجھے اپنے چچا کی یاد آئے گی؟	وحشی بن حرب حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کا قاتل
۱۴۳	ھبار ابن اسود جو فتح مکہ پر معافی کا طالب ہوا تو اسے معاف کر دیا گیا بتایئے اس کا جرم کیا تھا؟	اس نے پیارے نبیؐ کی بیٹی زینبؓ کو نیزہ مارہ تھا
۱۴۴	عکرمہ بن ابوجہل کی بیوی جب ان کو لے کر پیارے نبیؐ کے پاس گئیں تو آپ ﷺ نے نہ صرف ان کو معاف کیا بلکہ کیا کیا خصوصی معاملہ کیا؟	بہت عزت واحترام دی
۱۴۵	عبداللہ ابن ابی کی شرارتوں کی وجہ سے عمرؓ نے اس کی گردن اڑانے کی اجازت مانگی تو پیارے نبیؐ نے کیا کہا؟	نہیں، لوگ کہیں گے محمدؐ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں
۱۴۶	حضرت طفیل بن عمرو دوسی نے رسول اللہ ﷺ سے اپنے قبیلے کے لئے بددعا کرنے کی درخواست کی تو آپؐ نے کیا دعا کی؟	اے اللہ قبیلہ دوس کو ہدایت دے
۱۴۷	عبداللہ ابن ابی کی تکفین کے لئے پیارے نبی ﷺ نے کیا چیز عنایت کی؟	اپنا کرتہ
۱۴۸	''اے عمر اگر میرے ستّر دفعہ نماز جنازہ پڑھنے سے اس کی مغفرت ہو جاتی تو میں اس سے بھی زیادہ پڑھتا'' عمرؓ سے پیارے نبی ﷺ نے یہ بات کب کہی؟	جب عمرؓ نے آپؐ کو عبداللہ ابن ابی کے کرتوت بتائے
۱۴۹	ایک دفعہ ایک عورت ایک بھاری بوجھ لے کر نکلی اس سے چلا نہیں جا رہا تھا پیارے نب ﷺ نے کیا کیا؟	اس کا بوجھ اس کے گھر پہنچایا
۱۵۰	ایک اندھی عورت راستے میں ٹھوکر کھا کر گری تو لوگ ہنس پڑے، پیارے نبی ﷺ پر اس کا کیا اثر ہوا؟	آپ ﷺ کی آنکھ بھر آئی

نمبر	سوال	جواب
۱۵۱	پیارے نبی ﷺ مکہ میں روز آنہ کیوں ایک عورت کے گھر کھانا لے جاتے تھے؟	وہ اندھی تھی
۱۵۲	بیمار غلام جو آٹا پیستے ہوئے کراہ رہا تھا پیارے نبی ﷺ نے اس کے ساتھ کیا کیا؟	سارا آٹا خود پیسا
۱۵۳	’’جب تمہیں آٹا پیسنا ہو مجھے بلا لیا کرو‘‘ پیارے نبی ﷺ نے یہ بات کس سے کہی؟	بیمار غلام سے
۱۵۴	ایک غلام بیمار ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے رات بھر اس کی کیا خدمت کی؟	اس کی تیمارداری کی
۱۵۵	بیمار غلام جب درد کی شدت سے چیختا تو آپ ﷺ کیسے اس کو تسلی دیتے؟	گھبراؤ نہیں، اللہ فضل کرے گا
۱۵۶	مکہ میں کن لوگوں کا سودا سلف خرید کر اور اپنے کندھوں پر اٹھا کر ان کے گھر پہنچا دیتے؟	بیوہ عورتوں کا
۱۵۷	’’غریب اور کمتر لوگوں کا کام کر کے تم نے اپنے خاندان کو رسوا کر دیا ہے‘‘ یہ بات پیارے نبی ﷺ سے مکہ میں کس نے کہی؟	ابوسفیان نے
۱۵۸	جب ابوسفیان نے پیارے نبی ﷺ سے کہا کمتر لوگوں کے کام کر کے تم نے خاندان کو بدنام کر دیا ہے تو آپ ﷺ نے کیا جواب دیا؟	میں اپنے سے کم درجہ کے لوگوں کو حقیر نہیں سمجھتا
۱۵۹	ایک پاگل عورت نے محمد ﷺ کا ہاتھ پکڑ کر کیا کہا؟	مجھے کام ہے میرے ساتھ چلو
۱۶۰	محمد ﷺ نے پاگل عورت کے بلانے پر کیا کیا؟	اس کے ساتھ گئے اور کام کر دیا
۱۶۱	دوران جنگ وہ آدمی کیوں بہادر سمجھا جاتا جو پیارے رسول ﷺ کے پاس ہوتا؟	پیارے نبی ﷺ پر سب سے زیادہ حملہ ہوتا
۱۶۲	دوران جنگ رسول اللہ ﷺ کہاں ہوتے تھے؟	سب سے آگے

۱۶۳	ایک بار حضرت فاطمہؓ نے پیارے نبی ﷺ کو خبر دی کہ کفار حرم میں آپ ﷺ کے قتل کا مشورہ کر رہے ہیں تو پیارے نبی ﷺ نے کیا کہا؟	اللہ میرے ساتھ ہے
۱۶۴	کفار حرم میں پیارے نبی ﷺ کے قتل کے لئے بیٹھے تھے مگر جب آپؐ بے خوفی سے ان کے درمیان پہنچے تو اس کا کیا اثر ہوا؟	کسی کو حملہ کی جرأت نہ ہوئی
۱۶۵	سفر ہجرت کے دوران جب سراقہ آپ ﷺ کے قریب پہنچ گیا تھا اس وقت آپ ﷺ کی کیا کیفیت تھی؟	آپ ﷺ بالکل پرسکون تھے
۱۶۶	''لوگو واپس چلے جاؤ، میری حفاظت کا ذمہ اللہ نے لیا ہے'' یہ بات آپ ﷺ نے کن لوگوں سے کہی؟	جو آپ ﷺ کے گھر پہرہ دے رہے تھے
۱۶۷	غزوہ احد میں پیارے نبی ﷺ نے اپنے اوپر حملہ آور ابی ابن خلف کے ساتھ کیا کیا؟	گردن میں برچھی چبھودی
۱۶۸	غزوہ حنین میں شدید حملے کے دوران بھی آپ ﷺ کس طرح میدان میں جمے رہے؟	پہاڑ کی طرح
۱۶۹	غزوہ حنین میں پیارے نبی ﷺ رجز پڑھتے ہوئے کیا کہہ رہے تھے؟	میں نبی ہوں، جھوٹا نہیں ہوں، میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں
۱۷۰	بدترین دشمن ابوسفیان نے قیصر روم کے دربار میں آپ ﷺ کے بارے میں کیا گواہی دی؟	آپ ﷺ جھوٹ نہیں بولتے
۱۷۱	بھیگا غلہ اندر رکھنے والے تاجر سے پیارے نبی ﷺ نے کیا کہا؟	جو دھوکا دیتے ہیں وہ میرے طریقے پر نہیں ہیں
۱۷۲	پیارے رسول ﷺ مہمان کو کس حال میں بھی کھانا کھلاتے؟	خود بھوکے رہتے
۱۷۳	جو لوگ بھی پیارے نبی ﷺ سے ملاقات کیلئے آتے پیارے نبیؐ ان کو کب تک واپس نہ جانے دیتے؟	بغیر کھلائے پلائے

۱۷۴ رسول اللہ ﷺ اصحاب صفہ کی کیسے مہمان نوازی کرتے؟ — اکثر ان کیلئے کچھ نہ کچھ بھیجا کرتے

۱۷۵ پیارے نبی ﷺ کن لوگوں سے کبھی کبھی مذاق کرلیا کرتے؟ — بچوں سے

۱۷۶ معصوم بچے پیارے نبی ﷺ کی کس چیز سے کھیلتے؟ — مہر نبوت

۱۷۷ پیارے نبی ﷺ فصل کا نیا میوہ عموماً کس کو دیتے؟ — بچوں کو

۱۷۸ پیارے نبیؐ سفر سے واپس آتے تو بچوں کو کہاں بٹھا لیتے؟ — سواری پر

۱۷۹ پیارے نبی ﷺ کے ساتھ بچے کھیلتے تھے کبھی کبھی والدین ان کو منع کرتے تو آپ ﷺ کیا کہتے؟ — کھیلنے دو، نہ روکو

۱۸۰ نماز کے دوران اگر پیچھے سے بچوں کے رونے کی آواز آتی تو آپ ﷺ کیا کرتے؟ — نماز مختصر کر دیتے

۱۸۱ جنگ کے دوران بھی پیارے نبی ﷺ بچوں کے سلسلے میں کیا تاکید کرتے؟ — بچوں کو ہرگز قتل نہ کرنا

۱۸۲ پیارے نبیؐ نے بچوں کو ستانے والوں کے بارے میں کیا کہا؟ — اللہ ان سے ناراض ہوتا ہے

۱۸۳ کس بچے کے متعلق پیارے نبی ﷺ نے کہا ''اگر یہ بیٹی ہوتا تو میں اسے زیور پہناتا''؟ — حضرت اسامہؓ

۱۸۴ بیٹیوں سے حسن سلوک کرنے والے کو پیارے نبی ﷺ نے کیا خوش خبری دی ہے؟ — وہ جنتی ہے

۱۸۵ ایک صحابی پرندے کے بچے اٹھا لائے پیارے نبی ﷺ نے انہیں کیا حکم دیا؟ — واپس گھونسلے میں رکھ دو

۱۸۶ پیارے نبی ﷺ نے بھوک سے بلبلانے والے اونٹ کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور اس کے مالک سے کیا کہا؟ — اس جانور کے بارے میں خدا سے نہیں ڈرتے

۱۸۷ جنگ بدر کے قیدیوں کے ساتھ پیارے نبی ﷺ اور مسلمانوں نے تنگ دستی کے باوجود کیا کیا؟ — انہیں کھلایا پلایا

۱۸۸	جنگ حنین کے چھ ہزار قیدیوں کو آپؐ نے کیا چیز عنایت کی؟	ایک ایک جوڑا کپڑا
۱۸۹	حضرت انسؓ جنھوں نے رسول اللہ ﷺ کی دس سال خدمت کی آپ ﷺ کے بارے میں کیا گواہی دی،	کبھی اف تک نہ کہا
۱۹۰	ایک دفعہ پیارے نبی ﷺ نے ایک اونٹ قرض لیا جب واپس کیا تو کیسا اونٹ دیا؟	اس سے بہتر
۱۹۱	پیارے نبی ﷺ نے اُدھار لئے ہوئے پیالے کا تاوان کیوں ادا کیا؟	وہ غائب ہو گیا تھا
۱۹۲	پیارے نبی ﷺ نے سخت انداز سے قرض کا مطالبہ کرنے والے اعرابی کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟	اسے اس کے قرض سے زیادہ دیا
۱۹۳	ازواج مطہرات کو اونٹ پر سوار کرنے میں آپؐ کیسے مدد کرتے؟	اپنا گھٹنا آگے بڑھا دیتے
۱۹۴	پیارے نبی ﷺ کا خدمتگار یہودی لڑکا بیمار ہو گیا تو آپ ﷺ نے کیا کیا،	اس کی عیادت کے لئے گئے
۱۹۵	حضرت سعد بن عبادہؓ بیمار تھے ان کی حالت دیکھ کر پیارے نبی ﷺ کی کیا کیفیت ہوئی؟	دل بھر آیا، آپؐ رونے لگے
۱۹۶	مسجد میں جھاڑو دینے والے حبشی کے انتقال کی خبر پیارے نبی ﷺ کو دی گئی تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟	اس کی قبر پر جا کر نماز جنازہ پڑھی
۱۹۷	حضرت جابر بن عبداللہ جب بیمار ہوئے تو پیارے نبی ﷺ ان کی عیادت کے لئے کیسے جاتے تھے؟	پیدل گرچہ ان کا گھر دور تھا
۱۹۸	حضرت فاطمہؓ پیارے نبی ﷺ کے پاس حسنؓ اور حسینؓ کو لاتیں تو آپ ﷺ کیا کرتے؟	جسم سے لپٹاتے اور منہ چومتے
۱۹۹	ایک بار اپنی کمسن نواسی حضرت امامہؓ کو گود میں لے کر آپ ﷺ مسجد آئے اور اسی حال میں کیا کیا،	نماز پڑھائی

۲۰۰	ایک دفعہ دوران خطبہ جب حسنؓ اور حسینؓ دوڑتے ہوئے پیارے نبی ﷺ کے پاس آئے تو آپؐ نے کیا کیا؟	دونوں کو گود میں اٹھا لیا
۲۰۱	اپنی نواسی کو حالت نزع میں دیکھ کر پیارے نبی ﷺ کی کیا کیفیت ہوئی؟	آپ ﷺ آبدیدہ ہو گئے
۲۰۲	پیارے نبی ﷺ کسی کو کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانے کو کیا سمجھتے تھے؟	سخت ناپسند کرتے
۲۰۳	پیارے نبی ﷺ کے بال کیسے ہوتے تھے؟	اچھی طرح سلجھائے ہوئے
۲۰۴	پیارے نبی ﷺ کا چہرہ ہمیشہ کیسا رہتا تھا؟	شگفتہ
۲۰۵	پیارے نبی ﷺ ہمیشہ کس طرح گفتگو کرتے تھے؟	وقار، متانت اور نرمی سے
۲۰۶	پیارے نبی ﷺ کے سامنے نہایت عبادت گزار صدقہ خیرات کرنے والی عورت کی بد زبانی کا ذکر کیا گیا تو آپ ﷺ نے کیا فرمایا؟	وہ دوزخی ہے
۲۰۷	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جس کی بد زبانی کی وجہ سے لوگ اس سے ملنا جلنا چھوڑ دیں؟	خدا کے نزدیک وہ بدترین آدمی ہے
۲۰۸	پیارے نبی ﷺ بالوں کے سلسلے میں کیا اہتمام کرتے؟	تیل لگاتے، کنگھا کرتے
۲۰۹	پیارے نبی ﷺ کے بال کتنے لمبے ہوتے تھے؟	کان کی لو تک اور کبھی اس سے نیچے
۲۱۰	پیارے نبی ﷺ کسی کی طرف متوجہ ہوتے تو کیسے ہوتے؟	پورا بدن موڑ کر
۲۱۱	پیارے رسول ﷺ گفتگو کس طرح کرتے؟	ٹھہر ٹھہر کر
۲۱۲	پیارے رسول ﷺ کب گفتگو کرتے؟	جب ضرورت ہوتی
۲۱۳	رسول پاک ﷺ جب چلتے تو کیسا محسوس ہوتا؟	اونچائی سے اتر رہے ہیں

۲۱۴	پیارے نبی ﷺ زمین پر کیسے قدم رکھتے؟	ہلکے مگر جما کر
۲۱۵	حضرت ابو ہریرہؓ پیارے نبی ﷺ کی رفتار کے بارے میں کیا کہتے؟	آپ ﷺ سے تیز رفتار میں نے کسی کو نہیں دیکھا
۲۱۶	پیارے نبی ﷺ کو کھانے میں کیا چیزیں پسند تھیں؟	سرکہ، شہد، زیتون کا تیل اور کدو
۲۱۷	پیارے نبی ﷺ اکثر کس طرح کی روٹی کھاتے تھے؟	موٹی روٹی، بغیر چھنے ہوئے آٹے کی
۲۱۸	پیارے نبی ﷺ کو کون سی ککڑیاں بہت پسند تھیں؟	پتلی ککڑیاں
۲۱۹	پیارے نبی ﷺ کن چیزوں کو ان کی بو کی وجہ سے ناپسند کرتے تھے؟	پیاز، لہسن اور مولی
۲۲۰	پیارے نبی ﷺ اکثر پانی کیسے پیتے؟	بیٹھ کر تین سانس میں
۲۲۱	پیارے نبی ﷺ اکثر کس برتن میں کھانا کھاتے؟	لکڑی کے ایک پیالے میں
۲۲۲	پیارے نبی ﷺ کو اگر کوئی چیز پسند نہ آتی تو عیب نکالنے کے بجائے کیا کرتے؟	اسے چھوڑ دیتے
۲۲۳	پیارے نبی ﷺ کھانے سے پہلے اور بعد میں کیا کرتے؟	ہاتھ دھوتے
۲۲۴	پیارے نبی ﷺ ہمیشہ کتنی انگلیوں سے کھاتے؟	تین انگلیوں سے
۲۲۵	پیارے نبی ﷺ کتنا کھانا کھاتے؟	کچھ بھوک رہتی کھانا چھوڑ دیتے
۲۲۶	پیارے نبی ﷺ کہاں بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے؟	نیچے دستر خوان پر
۲۲۷	پیارے نبی ﷺ نے رات میں بھوکے سونے یا کھانا کھاتے ہی سونے کے بارے میں کیا ہدایت دی؟	منع کیا
۲۲۸	پیارے رسول ﷺ اکثر کون سا لباس پہنتے؟	تہبند اور کرتہ
۲۲۹	پیارے نبی ﷺ کرتے اور تہبند کے اوپر کیا چیز ڈال لیتے؟	یمنی چادر

نمبر	سوال	جواب
۲۳۰	پیارے نبی ﷺ کا عمامہ عام طور سے کس رنگ کا ہوتا تھا؟	سیاہ
۲۳۱	پیارے نبی ﷺ کو کس رنگ کا لباس پسند تھا؟	سفید
۲۳۲	پیارے نبیؐ سفید رنگ کے علاوہ اور کن رنگوں کو پسند کرتے تھے؟	سبز اور زرد
۲۳۳	پیارے نبی ﷺ کو کس رنگ کا لباس پسند نہ تھا؟	سرخ
۲۳۴	پیارے رسول ﷺ کیسی چارپائی پر سوتے تھے؟	بان کی
۲۳۵	پیارے نبی ﷺ کے جسم پر بان کی چارپائی پر سونے کی وجہ سے کیا اثر ہوتا تھا؟	بان کے نشان پڑ جاتے
۲۳۶	پیارے نبی ﷺ کا بستر کیسا ہوتا تھا؟	کبھی کمبل، کبھی چمڑے کا جس میں کھجور کی چھال بھری ہوتی
۲۳۷	پیارے نبی ﷺ کس طرح سوتے تھے؟	دائیں کروٹ
۲۳۸	پیارے نبیؐ سوتے وقت عموماً دایاں ہاتھ کہاں رکھتے تھے؟	رخسار کے نیچے
۲۳۹	فجر کی نماز کے بعد پیارے نبی ﷺ کہاں بیٹھ جاتے؟	مسجد میں
۲۴۰	پیارے نبی ﷺ رات میں کب سو جاتے؟	عشاء کے بعد جلدی
۲۴۱	عشاء کے بعد پیارے نبی ﷺ کو کیا چیز ناپسند تھی؟	گفتگو، بات چیت
۲۴۲	پیارے نبی ﷺ کب سو کر اٹھ جاتے؟	آدھی رات کے بعد
۲۴۳	پیارے نبی ﷺ آدھی رات کے بعد کیا کرتے؟	تہجد نماز ادا کرتے
۲۴۴	پیارے نبی ﷺ کا پاؤں کبھی کبھی کیوں سوج جاتا تھا؟	نماز میں کھڑے رہنے سے
۲۴۵	پیارے رسول ﷺ کسی سے ملتے تو کیا کرتے؟	بڑھ کر سلام کرتے
۲۴۶	پیارے رسولؐ مصافحہ کے دوران کب تک ہاتھ نہ چھوڑتے؟	جب تک دوسرا نہ چھوڑتا
۲۴۷	ملاقاتی اگر بات کرتا تو آپ ﷺ کیسے اس کی بات سنتے؟	بہت توجہ سے
۲۴۸	پیارے نبیؐ جب کسی کے گھر جاتے تو سلام کے بعد کیا کرتے؟	داخل ہونے کی اجازت مانگتے

۲۴۹	پیارے نبی ﷺ کو چھینک آتی تو آپ کیا کرتے؟	چہرے کو ہاتھ یا کپڑے سے ڈھانک لیتے
۲۵۰	پیارے نبی ﷺ جمائی لیتے وقت کیا کرتے؟	منہ پر ہاتھ رکھ لیتے
۲۵۱	پیارے نبی ﷺ کی دیانت داری کی وجہ سے لوگ آپ ﷺ کو کیا کہتے تھے؟	امین
۲۵۲	پیارے نبیؐ ہر نماز سے پہلے وضو میں کس چیز کا اہتمام کرتے؟	مسواک کرتے
۲۵۳	پیارے نبیؐ سوتے وقت کن سورتوں کی تلاوت کرتے تھے؟	سورۃ الفلق، الناس اور اخلاص
۲۵۴	پیارے نبیؐ سفر کے دوران کیا چیزیں اپنے پاس رکھتے تھے؟	تیل، کنگھا، سرمہ، قینچی، مسواک آئینہ، تیلی چمچی وغیرہ
۲۵۵	میٹھی بات کرنے کو پیارے رسول ﷺ نے کیا قرار دیا؟	صدقہ
۲۵۶	پیارے نبی ﷺ کس مہینے میں بہت زیادہ سخی ہو جاتے تھے؟	رمضان میں
۲۵۷	حضرت عائشہؓ نے رمضان میں پیارے نبی ﷺ کی سخاوت کی مثال کس سے دی ہے؟	تیز رفتار ہوا سے
۲۵۸	پیارے نبی ﷺ کے بارے میں کس صحابی نے فرمایا کہ ایسا کبھی نہ ہوا کہ پیارے رسول ﷺ سے کسی نے کچھ مانگا ہو اور آپ ﷺ نے فرمایا ہو میں نہیں دوں گا؟	حضرت جابرؓ
۲۵۹	پیارے نبی ﷺ جب کوئی بات کہتے تو کتنی بار کہتے؟	تین بار
۲۶۰	پیارے نبی ﷺ مذاق میں بھی کیسی بات کبھی نہ کہتے؟	جھوٹی
۲۶۱	پیارے نبی ﷺ کس طرح ٹھہر ٹھہر کر بات کرتے؟	کوئی گننے والا چاہتا تو گن سکتا
۲۶۲	پیارے نبی ﷺ جب گفتگو کرتے تو اکثر آپ ﷺ کی نگاہ کہاں اٹھتی؟	آسمان کی طرف
۲۶۳	پیارے نبی ﷺ فرض نمازوں کے علاوہ اور کون سی نماز پابندی سے پڑھتے؟	تہجد

ہدایات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱	رسول اللہؐ نے دنیا میں اپنے بھیجے جانے کا کیا مقصد بتایا ہے؟	اچھے اخلاق کو مکمل کرنا
۲	رسول اللہؐ نے میزان میں سب سے وزنی چیز کسے بتایا ہے؟	اچھے اخلاق کو
۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کے بارے میں کیا کہا ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں؟	کامل ایمان والا
۴	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مطابق آدمی اپنے اچھے اخلاق کی وجہ سے کس کے مقام کو حاصل کر لیتا ہے؟	دن میں روزہ رکھنے والے اور رات میں نماز پڑھنے والے
۵	رسول اللہؐ نے کلمہ طیب (میٹھی بات) کو کیا قرار دیا ہے؟	صدقہ
۶	رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کے بارے میں کیا کہا ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں؟	مجھے تم سب میں اس سے زیادہ محبت ہے
۷	حدیث کے مطابق کس چیز کی پابندی لوگوں کو جنت میں داخل کرے گی؟	اللہ کا ڈر اور خوش خلقی
۸	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس آدمی کو کیا خوش خبری دی ہے جو حق پر ہونے کے باوجود جھگڑا چھوڑ دے؟	میں اسے جنت کے کنارے میں جگہ دلاؤں گا
۹	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے بارے میں کہا ہے کہ وہ نہ تو طعنہ دیتا ہے، نہ لعنت کرتا اور نہ فحش زبان استعمال کرتا ہے؟	مومن
۱۰	رسول اللہؐ نے خاموش رہنے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟	وہ نجات پا گیا
۱۱	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زیادہ ہنسنے کا کیا نقصان بتایا ہے؟	دل مردہ ہو جاتا ہے
۱۲	رسول اللہؐ نے کس چیز کے بارے میں فرمایا کہ وہ شیطان کو بھگاتی اور امور دین کے معاملے میں مددگار ہوتی ہے؟	خاموشی
۱۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس معاملے میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کی پرواہ نہ کرنے کو کہا ہے؟	دینی معاملات میں
۱۴	پیارے رسولؐ نے مسلمان سے لڑنے کو کیا قرار دیا ہے؟	باعث کفر

۱۵	رسول ﷺ نے کس گناہ کو زنا سے بھی بڑھ کر قرار دیا ہے؟	غیبت کو
۱۶	غیبت کرنے والا کا گناہ اللہ کب تک معاف نہیں کرتا؟	جب تک وہ معاف نہ کرے جس کی غیبت کی گئی ہو
۱۷	رسول اللہ ﷺ نے کن کی قسمیں کھانے سے منع کیا ہے؟	بتوں کی اور ماں باپ کی
۱۸	رسول اللہ ﷺ نے اللہ کی قسم کس صورت میں کھانے کی اجازت دی ہے؟	جب آدمی سچا ہو
۱۹	پیارے نبی ﷺ نے ہنسانے کے لئے جھوٹ بولنے والے کے تعلق سے کیا فرمایا ہے؟	اس پر افسوس ہے
۲۰	پیارے نبی ﷺ نے سخت چین خواہ مخواہ نکتہ چینی کرنے والے کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟	وہ جنت میں نہ جائے گا
۲۱	پیارے نبیؐ نے ادھر ادھر چغلیاں لگانے والے اور دوستوں کے درمیان جدائی ڈلوانے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟	وہ بدترین لوگ ہیں
۲۲	حیا کو حدیث میں کس چیز کا ذریعہ بتایا ہے؟	جنت کا
۲۳	پیارے رسولؐ نے کس چیز کو ایمان کی صفت قرار دیا ہے؟	حیا کو
۲۴	حیا اور ایمان باہم ملے ہوئے ہیں جب ایک اٹھالیا جاتا ہے تو دوسرے کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟	دوسرا بھی اٹھالیا جاتا ہے
۲۵	پیارے نبی ﷺ نے کس صفت کے متعلق فرمایا کہ اللہ اسے دوست رکھتا ہے؟	رفق و نرمی
۲۶	پیارے نبی ﷺ نے رفق و نرمی سے محروم رہنے والے کے متعلق کیا فرمایا؟	وہ ہر بھلائی سے محروم ہے
۲۷	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا: ''جو نرم مزاج، نرم طبیعت اور آہستہ مزاج ہو''؟	دوزخ کی آگ اس پر حرام ہے
۲۸	پیارے نبی ﷺ نے اس شخص کے متعلق کیا فرمایا جو صرف خدا کے لئے انکساری اختیار کرتا ہے؟	اللہ اس کا رتبہ بڑھا دیتا ہے

۲۹	پیارے نبی ﷺ نے کن کے متعلق فرمایا وہ لوگوں کی نظروں میں کتے اور خنزیر سے بھی زیادہ ذلیل ہوجاتا ہے؟	تکبر کرنے والے
۳۰	پیارے نبی ﷺ نے میانہ روی اختیار کرنے والے کو کیا خوش خبری دی ہے؟	اللہ اسے غنی کردے گا
۳۱	رسول اللہ ﷺ نے قیامت کے دن کس گروہ کے ساتھ اپنے حشر کی دعا کی ہے؟	مسکینوں کے ساتھ
۳۲	رسول اللہؐ نے اپنے متعلقین کے لئے کتنی روزی کی دعا کی؟	بقدر کفاف (ضرورت بھر)
۳۳	رسول اللہ ﷺ نے اللہ کی محبت کے حصول کا کیا نسخہ بتایا ہے؟	دنیا میں زہد
۳۴	پیارے نبی ﷺ نے کس چیز سے متعلق فرمایا اسے چھوڑ دو لوگ تم سے محبت کریں گے؟	جو لوگوں کے پاس ہے
۳۵	رسول اللہ ﷺ نے کن دو چیزوں کے متعلق فرمایا کہ یہ مومن میں جمع نہیں ہوسکتیں؟	خیانت اور جھوٹ
۳۶	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جس میں امانت داری نہ ہو؟	اس میں دین نہیں ہے
۳۷	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے بارے میں کیا فرمایا جس کے متعلق معلوم ہو کہ اس نے اللہ کی راہ میں خیانت کی؟	اسے مارو، اس کا سامان جلادو
۳۸	پیارے رسول ﷺ نے کس موقع کے لئے کہا کہ "قیامت کا انتظار کرو"؟	جب امانت ضائع کی جائے
۳۹	پیارے نبی ﷺ نے امانت ضائع کرنے کی کیا شکل بتائی؟	اقتدار نااہلوں کے سپرد کیا جائے
۴۰	پیارے نبی ﷺ نے اس قوم کے متعلق کیا فرمایا جو عہد کرکے فریب کرتی ہے؟	اس پر دشمن غالب ہوجاتا ہے
۴۱	پیارے نبیؐ نے مزدور کی اجرت کب دینے کی تاکید کی ہے؟	اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے

نمبر	سوال	جواب
۴۲	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق تین بار قسم کھا کر کیا کہا ہے۔ جس کا پڑوسی اس کے شر سے محفوظ نہ ہو؟	وہ مومن نہیں ہے
۴۳	پیارے رسول ﷺ نے بہت نمازی، روزہ دار، صدقہ و خیرات کرنے والی عورت کو کیوں جہنمی کہا؟	وہ اپنے پڑوسی کو تکلیف دیتی تھی
۴۴	پیارے نبی ﷺ کو جبرئیلؑ کس کے بارے میں برابر نصیحت کرتے رہے یہاں تک کہ آپؐ کو گمان ہوا کہ کہیں ان کو وارث نہ بنا دیا جائے؟	پڑوسی
۴۵	پیارے نبی ﷺ نے شوربہ بناتے وقت کیوں پانی بڑھانے کی ہدایت دی؟	تاکہ سالن پڑوسی کو دیا جا سکے
۴۶	رسول اللہ ﷺ نے کسے بہترین دوست کہا ہے؟	جو اپنے دوست سے نیکی کرے
۴۷	رسول اللہؐ نے کسے اللہ کے نزدیک بہترین پڑوسی کہا ہے؟	جو پڑوسی سے بھلائی کرے
۴۸	پیارے رسول ﷺ نے کس پڑوسی کو ہمارے ہدیے کا زیادہ مستحق قرار دیا ہے؟	جس کا دروازہ قریب ہو
۴۹	پیارے نبیؐ سے ایک آدمی نے تین بار پوچھا کہ نیک اور بہتر خدمت کا زیادہ حق دار کون ہے تو آپؐ نے تین بار کیا کہا؟	تیری ماں
۵۰	پیارے نبی ﷺ نے ایک آدمی کے چوتھی بار سوال کرنے پر خدمت اور نیکی کا زیادہ مستحق کسے قرار دیا؟	باپ کو
۵۱	پیارے نبیؐ نے کس کو اولاد کے حق میں جنت اور دوزخ قرار دیا؟	والدین کو
۵۲	حضرت اسماء بنت ابوبکرؓ نے اپنی مشرکہ ماں کے بارے میں رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا تو پیارے نبیؐ نے کیا کہا؟	ان سے اچھا سلوک کرو
۵۳	پیارے رسول ﷺ نے کس کے بارے میں کہا ہے اللہ ان کو موت سے پہلے زندگی ہی میں سزا دے دیتا ہے؟	ماں باپ کے ستانے والے کو
۵۴	پیارے رسول ﷺ نے کس گنہگار کے تعلق سے کہا کہ اللہ قیامت کے دن اس سے بات نہ کرے گا اور نہ اس کی طرف نگاہ اٹھا کر دیکھے گا؟	ماں باپ سے بے تعلق رہنے والے کی طرف

نمبر	سوال	جواب
۵۵	رسول اللہؐ نے اپنے ماں باپ کو گالی دینے والا کسے کہا ہے؟	جو کسی کے ماں باپ کو گالی دے
۵۶	"ماں باپ کے لئے دعا و استغفار کرنا، ان کے عہد و پیمان کو پورا کرنا، ان کے دوستوں کی عزت کرنا اور صلہ رحمی کرنا" ماں باپ کے مرنے کے بعد یہ حقوق کس نے بتائے ہیں؟	پیارے نبی ﷺ نے
۵۷	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی سے کیا کہا جو ہجرت اور جہاد پر آپؐ سے بیعت کرنا چاہتا تھا؟	جا کر والدین کی خدمت کرو
۵۸	رسول اللہ ﷺ سے ایک آدمی نے پوچھا میرے پاس مال ہے اور میرے ماں باپ کو مال کی ضرورت ہے تو آپؐ نے اسے کیا جواب دیا؟	تیرا مال اور تم اپنے والدین کے ہو
۵۹	پیارے نبی ﷺ نے رزق میں کشادگی اور عمر میں برکت کے لئے کون سا عمل بتایا ہے؟	صلہ رحمی
۶۰	رسول اللہ ﷺ نے اس قوم کے بارے میں کیا کہا ہے جس میں رشتہ توڑنے والا موجود ہو؟	اس پر رحمت نہیں اترتی
۶۱	رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی کے بارے کیا کہا ہے جس کے رشتہ دار اس سے صلہ رحمی نہیں کرتے مگر وہ صلہ رحمی کرتا ہے؟	کامل صلہ رحمی کرنے والا
۶۲	رسول اللہ ﷺ نے کس کو صدقہ دینے پر دوہرا اجر بتایا ہے؟	رشتے داروں کو
۶۳	رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی کو کیا خوش خبری دی ہے جو رشتے داروں کے خراب سلوک کرنے پر بھی ان کے ساتھ اچھا سلوک کرتا ہے؟	اللہ کی مدد اس کے ساتھ شامل رہے گی
۶۴	رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو پچھاڑنے والے کو پہلوان کہنے کے بجائے کسے پہلوان کہا ہے؟	جو غصہ پر قابو پالے
۶۵	رسول اللہؐ نے غصہ ختم کرنے کیلئے کیا عمل کرنے کو کہا ہے؟	وضو کرنے کا
۶۶	پیارے نبی ﷺ نے غصہ کو کس کے اثر کا نتیجہ قرار دیا؟	شیطان کے

نمبر	سوال	جواب
٦٧	رسول اللہ ﷺ نے غصہ کو محض خدا کی خوشنودی کیلئے پینے والے کے بارے میں کیا کہا؟	اس نے اس سے بہتر اور اعلیٰ چیز نہ پی
٦٨	رسول اللہ ﷺ نے اعتدال کا رویہ اختیار کرنے والی قوم کے بارے میں کیا کہا؟	وہ کبھی فقیر نہیں ہوتی
٦٩	رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی کو دین میں بصیرت کے بارے میں کیا کہا جو اعتدال اور میانہ روی اختیار کرے؟	اس سے زیادہ کسی میں بصیرت نہیں ہوتی
٧٠	رسول اللہؐ نے آدمی کو کتنا عمل اختیار کرنے کی ہدایت کی ہے؟	جتنی اس میں طاقت ہو
٧١	رسول اللہ ﷺ نے کس کے بارے میں کہا کہ وہ اللہ کے غضب میں مبتلا رہتا ہے اور فرشتے اس پر لعنت کرتے ہیں؟	بغیر بتائے عیب دار چیز بیچنے والا
٧٢	رسول اللہ ﷺ نے ناپنے اور تولنے والوں کو کیا کہتے ہوئے خبردار کیا؟	انہیں کے سبب پہلے کی قومیں ہلاک ہوئیں
٧٣	پیارے نبی ﷺ نے کن چیزوں کے متعلق کہا کہ یہ قیامت کے دن باعث عار ہوں گی؟	خیانت اور بے ایمانی
٧٤	رسول اللہ ﷺ نے خائن کی پردہ پوشی کرنے والوں کو کس کے مثل قرار دیا ہے؟	خائن کی طرح
٧٥	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ قیامت کے دن اسے ذلت ورسوائی کا لباس پہنایا جائے گا؟	جس نے شہرت کے خیال سے کوئی کپڑا پہنا
٧٦	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اسے آخرت میں ریشم پہننے کو نہیں ملے گا؟	جو دنیا میں ریشم پہنے گا
٧٧	پیارے نبی ﷺ نے مہمان کو کہاں تک رخصت کرنے کی ہدایت کی ہے؟	دروازے تک
٧٨	پیارے رسول ﷺ نے مہمان کو کسی کے یہاں کس قدر ٹھہرنے کو ناجائز کہا ہے؟	گھر والوں کو پریشانی ہونے لگے
٧٩	پیارے رسولؐ نے اس آدمی کی مہمان نوازی کے متعلق کیا فرمایا جس کے گھر اگر کوئی جائے اور وہ مہمان نوازی نہ کرے؟	اس کی بھی مہمان نوازی کرو

نمبر	سوال	جواب
۸۰	پیارے رسول ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا کہا جو دوسروں پر رحم نہیں کرتا؟	اللہ اس پر رحم نہیں کرے گا
۸۱	رسول اللہ ﷺ نے کس آدمی کے متعلق کہا رحمت کا مادہ اس کے دل سے سلب کرلیا جاتا ہے؟	بد بخت
۸۲	رسول اللہؐ نے کس کے متعلق کہا ہے کہ اللہ اس پر رحم کرے گا؟	جو دنیا والوں پہ رحم کرے گا
۸۳	پیارے نبی ﷺ نے اللہ پر پورا بھروسہ کرنے والے کو کس طرح رزق پہنچنے کی خوش خبری دی ہے؟	پرندوں کی طرح
۸۴	رسول اللہ ﷺ نے اللہ پر بھروسہ کرنے والے، چوری نہ کرنے والے اور فال نہ نکالنے والے ستر ہزار لوگوں کے بارے میں کیا خبر دی ہے؟	وہ بے حساب کتاب جنت میں جائیں گے
۸۵	رسول اللہ ﷺ نے سخی کو کس سے قریب قرار دیا ہے؟	اللہ سے، جنت سے، لوگوں سے
۸۶	رسول اللہ ﷺ نے کس کے بارے میں فرمایا کہ وہ اللہ سے دور، جنت سے دور اور لوگوں سے دور ہے؟	بخیل کے بارے میں
۸۷	رسول اللہ ﷺ نے کس آدمی کے متعلق کہا کہ ہر روز ایک فرشتہ دعا کرتا ہے کہ اللہ اس کے مال کا نعم البدل دے؟	سخی کے
۸۸	رسول اللہ ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ ہر روز ایک فرشتہ اس کے مال کی بربادی کی دعا کرتا ہے؟	بخیل
۸۹	رسول اللہ ﷺ نے کس مالدار کے تعلق سے کہا کہ اللہ اس سے محبت کرتا ہے؟	متقی، مہربانی کرنے والا
۹۰	پیارے نبی ﷺ نے دو آدمی کے کھانے کو کتنے آدمیوں کے لئے کافی قرار دیا ہے؟	تین آدمیوں کے لئے
۹۱	پیارے نبیؐ نے کس کی بات کس طرح سننے سے منع کیا ہے؟	چھپ کر

۹۲	پیارے نبی ﷺ نے کس کو بڑی جھوٹی بات کہا ہے؟	بدگمانی
۹۳	رسول اللہ ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ قیامت کے دن اس کی زبان آگ کی ہوگی؟	غیبت کرنے والے کی
۹۴	پیارے رسولؐ نے معراج کے موقع پر کن لوگوں کو دیکھا جو اپنے پیتل کے ناخن سے اپنا چہرہ اور سینہ نوچ رہے تھے؟	غیبت کرنے والے
۹۵	پیارے نبی ﷺ نے حضرت عائشہؓ کی کس بات پر کہا کہ تم نے ایسی بات کہی ہے کہ اگر اسے سمندر میں ڈال دیا جائے تو سمندر کا پانی متغیر ہو جائے؟	فلاں عورت ٹھگنی (کوتاہ قد) ہے
۹۶	پیارے نبی ﷺ نے اس شخص کو کیا کہا ہے جو اللہ کی منع کی ہوئی چیزوں سے باز رہے؟	ہجرت کرنے والا
۹۷	پیارے نبی ﷺ نے راستے سے کن چیزوں کو ہٹا دینے کا حکم دیا ہے؟	تکلیف اور ٹھوکر والی چیزیں
۹۸	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق کہا کہ اللہ اس کی قیامت کی سختیاں دور کرے گا؟	جو کسی مسلمان کی سختی دور کرے گا
۹۹	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اللہ قیامت کے دن اس کے عیوب کی پردہ پوشی کرے گا؟	جو لوگوں کے عیوب چھپائے گا
۱۰۰	پیارے نبی ﷺ نے اپنے بھائی سے کتنے دن سے زیادہ تعلقات ختم کرنے سے منع کیا ہے؟	تین دن سے زیادہ
۱۰۱	پیارے نبی ﷺ نے تعلقات ختم ہونے کے بعد کس میں پہل کرنے والے کو اچھا کہا ہے؟	سلام کرنے میں
۱۰۲	پیارے نبی ﷺ نے کس عمل کو روزے، صدقے اور نماز سے بڑھ کر بتایا ہے؟	دو لوگوں میں صلح کرا دینا
۱۰۳	پیارے نبی ﷺ نے تعلقات کو ختم کروانے اور آپس میں فساد کروانے کو کیا کہا ہے؟	دین کو برباد کرنے والا عمل

نمبر	سوال	جواب
۱۰۴	پیارے نبی ﷺ نے مسلمانوں کی باہمی شفقت و محبت کی مثال کس چیز سے دی ہے؟	جسم سے
۱۰۵	رسول اللہؐ نے کن لوگوں کے بارے میں کہا کہ اللہ انہیں اپنے سائے میں جگہ دے گا جس دن کوئی دوسرا سایہ نہ ہوگا؟	باہم محبت کرنے والے مسلمان
۱۰۶	رسول اللہؐ نے کس عمل کو ظالم کی مدد کرنے سے تعبیر کیا ہے؟	اسے ظلم سے روک دینا
۱۰۷	رسول اللہ ﷺ نے حسد کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟	ایک دوسرے سے حسد نہ کرو
۱۰۸	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے بارے میں کیا کہا ہے جو دو آدمیوں میں صلح کی نیت سے کوئی بات ملا دے؟	وہ جھوٹا نہیں ہے
۱۰۹	پیارے نبی ﷺ نے سفارش کرنے کا کیا اجر بتایا ہے؟	اسے ثواب ملے گا
۱۱۰	پیارے نبی ﷺ نے محض اللہ کے لئے محبت یا عداوت کو کیسا عمل بتایا ہے؟	افضل ترین عمل
۱۱۱	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اللہ اس سے کہتا ہے تو خوش اور مبارک تو نے جنت میں اپنا گھر بنالیا ہے؟	جب کوئی بیمار کی مزاج پرسی کے لئے جاتا ہے
۱۱۲	پیارے نبی ﷺ نے اپنے اعمال کو خالص کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے اس کا کیا فائدہ بتایا ہے؟	اللہ اسی عمل کو قبول کرتا ہے جو اس کے لئے کیا گیا ہو
۱۱۳	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اللہ اس کے عیوب لوگوں میں عام کردے گا اور اس کو ذلیل کردے گا؟	جو شہرت کے لئے کوئی کام کرے
۱۱۴	رسول اللہ ﷺ نے اجازت لینے کے لئے دروازے کے سامنے کھڑے ہونے کے بجائے کہاں کھڑے ہونے کا حکم دیا ہے؟	دروازے کے دائیں یا بائیں
۱۱۵	رسول اللہ ﷺ نے کس آدمی کے متعلق فرمایا کہ اسے گھر میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دینی چاہئے؟	جو گھر میں جھانکے
۱۱۶	رسول اللہ ﷺ نے دعا کس طرح مانگنے کی ہدایت دی ہے؟	اس یقین کے ساتھ کہ قبول ہوگی
۱۱۷	رسول اللہ ﷺ نے غافل اور بے پرواہ دل سے نکلی ہوئی دعا کے متعلق کیا فرمایا؟	وہ قبول نہیں ہوتی

۱۱۸	پیارے نبی ﷺ نے حالت سجدہ میں کیوں دعا مانگنے کی ترغیب دی ہے؟	آدمی اللہ سے قریب ہوتا ہے
۱۱۹	پیارے نبی ﷺ نے اذان اور تکبیر کے درمیان مانگی جانے والی دعا کے بارے میں کیا فرمایا؟	وہ رد نہیں ہوتی
۱۲۰	پیارے نبی ﷺ نے اس کی دعا کے متعلق کیا کہا جو آخر شب اور فرض نمازوں سے فارغ ہونے کے بعد مانگی جاتی ہے؟	جلد مقبول ہوتی ہے
۱۲۱	رسول اللہ ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا کہا جس کے آنسو خدا کے خوف سے اس کے چہرے پہ گریں؟	اس پر آگ حرام ہے
۱۲۲	رسول کریم ﷺ نے اس مومن کے تعلق سے کیا کہا جس کے رونگٹے اللہ کے ڈر سے کھڑے ہوتے ہیں؟	اس کے گناہ جھڑ جاتے ہیں
۱۲۳	پیارے نبی ﷺ نے ان لوگوں کے بارے میں کیا فرمایا جو دنیا میں خدا سے ڈر کر عمل کرتے ہیں؟	وہ مجھ سے قریب ہوں گے
۱۲۴	رسول اللہ ﷺ نے کس کے سر پر محبت سے ہاتھ پھیرنے پر ہر بال کے عوض نیکی کی خبر دی ہے؟	یتیم کے
۱۲۵	رسول اللہ ﷺ نے اس گھر کے بارے میں کیا کہا جس میں یتیم کی عزت کی جاتی ہے؟	اللہ کے نزدیک سب سے اچھا گھر
۱۲۶	رسول اللہ ﷺ نے کن دو لوگوں کے حق کو ضائع کرنے سے لوگوں کو منع کیا ہے؟	یتیم اور عورت کا
۱۲۷	پیارے نبی ﷺ نے حضرت ابوہریرہؓ کو دل کی سختی ختم کرنے کے لئے کیا ہدایت دی؟	یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا کرو
۱۲۸	پیارے نبی ﷺ نے یتیم کو اپنے ساتھ کھانے پینے میں شریک کرنے والے کو کس اجر کی خبر دی ہے؟	جنت اس کیلئے واجب ہوگی
۱۲۹	رسول اللہ ﷺ نے دھوکا دینے والے، بخیل اور احسان جتانے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟	وہ جنت میں داخل نہ ہوگا

۱۳۰	پیارے رسول ﷺ نے باپ کے دوستوں کے ساتھ ان کی غیر موجودگی میں نیکی کرنے کو کیا کہا ہے؟	سب سے بڑی نیکی
۱۳۱	پیارے رسولؐ نے ہر مسلمان پر طلب علم کو کیا قرار دیا ہے؟	فرض
۱۳۲	پیارے رسول ﷺ نے نے اس آدمی کے متعلق کیا کہا ہے جس سے کوئی مسئلہ پوچھا جائے اور وہ اسے چھپائے؟	ایسے آدمی کے منہ میں آگ کی لگام ڈالی جائے گی
۱۳۳	پیارے رسول ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا فرشتے اس کی راہ میں پر بچھاتے ہیں؟	طالب علم
۱۳۴	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ فرشتے، انسان اور پانی کی مچھلیاں بھی اس کی مغفرت کی دعا کرتے ہیں؟	طالب علم
۱۳۵	پیارے رسول ﷺ نے کھانا کھلانے اور ہر ایک کو سلام کرنے کو کیا قرار دیا ہے؟	بہترین اسلام
۱۳۶	پیارے رسولؐ نے گھر والوں کو سلام کرنے کا کیا فائدہ بتایا ہے؟	گھر والوں پر برکت ہوگی
۱۳۷	پیارے رسول ﷺ نے ظالم بادشاہ کے سامنے حق بات کہنے کو کیا قرار دیا ہے؟	سب سے افضل جہاد
۱۳۸	رسول اللہؐ نے کس کام میں اطاعت کو ناجائز قرار دیا ہے؟	گناہ میں
۱۳۹	پیارے نبیؐ نے امیر کی طاعت کو کس کی اطاعت کہا ہے؟	خود اپنی
۱۴۰	رسول اللہؐ کس کی حکومت سے اللہ کی پناہ مانگا کرتے تھے؟	احمقوں کی
۱۴۱	پیارے نبی ﷺ نے خادم کو کس کے ساتھ کھانا کھلانے کی ترغیب دی ہے؟	مالکوں کے ساتھ
۱۴۲	پیارے رسول ﷺ نے غلاموں کے ساتھ بدخلقی کو کس کا باعث قرار دیا ہے؟	بے برکتی کا
۱۴۳	پیارے رسول ﷺ نے کس کی خطا کو ہر روز سو مرتبہ معاف کرنے کو کہا ہے؟	خادموں کی

۱۴۴	پیارے نبی ﷺ نے کیا کہتے ہوئے ایک دوسرے کو تحفہ دینے کا حکم دیا ہے؟	تحفہ کینہ کو دور کرتا ہے
۱۴۵	پیارے نبی ﷺ نے تنگی معاش کے باوجود کس قسم کے ذرائع معاش اختیار کرنے سے منع کیا ہے؟	ناجائز ذرائع
۱۴۶	پیارے نبی ﷺ کے دل میں رزق کے بارے میں روح الامین نے کیا بات ڈالی؟	کوئی ہرگز نہ مرے گا جب تک اپنا رزق پورا نہ حاصل کرے
۱۴۷	پیارے نبیؐ نے کس کمائی کو سب سے بہتر کمائی کہا ہے؟	اپنے ہاتھ کی کمائی کو
۱۴۸	نبی ﷺ نے کس کے منہ میں خاک ڈالنے کی ہدایت کی ہے؟	منہ پر تعریف کرنے والے کی
۱۴۹	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اس کی تعریف کی جاتی ہے تو عرش کانپنے لگتا ہے؟	فاسق کی
۱۵۰	پیارے نبی ﷺ نے جب ایک آدمی کو دوسرے کی مبالغے سے تعریف کرتے سنا تو کیا فرمایا؟	تم نے اس کی کمر توڑ دی
۱۵۱	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اسے خالی ہاتھ واپس نہ کرو چاہے ایک سوکھی کھر ہی دے دو؟	سائل
۱۵۲	پیارے نبیؐ نے دعوت قبول کرنے کے سلسلے میں کیا ارشاد فرمایا؟	دعوت قبول کرو
۱۵۳	پیارے نبی ﷺ نے کس آدمی کے تعلق سے کہا کہ وہ محتاجی سے بچا رہے گا؟	جو ہاتھ پھیلانے سے بچے گا
۱۵۴	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق کہا کہ آدمی کو اس سے بہتر اور کشادہ شے نہیں دی گئی ہے؟	صبر
۱۵۵	پیارے نبیؐ نے غسل کے دوران کس چیز کی ہدایت کی ہے؟	چھپ کر غسل کرنے کی
۱۵۶	پیارے نبی ﷺ نے دستر خوان سے کب تک نہ اٹھنے کی ہدایت دی ہے؟	جب تک دستر خوان نہ اٹھا لیا جائے
۱۵۷	پیارے نبیؐ نے بائیں ہاتھ سے کھانے کو کس کا کام قرار دیا ہے؟	شیطان کا

	سوال	جواب
۱۵۸	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کو کیا ہدایت کی ہے جس کا پیٹ بھر گیا ہو اور اس کے دوسرے ساتھی کھانا کھا رہے ہوں؟	وہ سب کے ساتھ کھانے سے اٹھے
۱۵۹	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کو کیا ہدایت دی ہے جو اپنے دوسرے ساتھیوں سے پہلے کھانا چھوڑ دے اور کھڑا ہو جائے؟	وہ اپنے دوسرے ساتھیوں سے پہلے معذرت کرے
۱۶۰	پیارے نبیؐ نے ایک ساتھ مل کر کھانا کھانے کا کیا فائدہ بتایا ہے؟	اس سے برکت ہوتی ہے
۱۶۱	پیارے نبی ﷺ نے کس چیز کے برتن میں پانی پینے والے کے بارے میں فرمایا وہ اپنے پیٹ میں گھونٹ گھونٹ دوزخ کی آگ اتارتا ہے؟	چاندی کے
۱۶۲	پیارے نبی ﷺ نے کس طرح پانی پینے والے کو زیادہ سیراب ہونے والا قرار دیا ہے؟	بیٹھ کر
۱۶۳	پیارے نبی ﷺ نے کس طرح پانی پینے سے منع کیا ہے؟	کھڑے ہو کر
۱۶۴	پیارے نبیؐ نے کس چیز میں پھونک مارنے سے منع کیا ہے؟	پیالے میں
۱۶۵	پیارے نبی ﷺ نے کیا کہتے ہوئے کھانے کے بعد برتن اچھی طرح صاف کرنے کی ہدایت دی ہے؟	تم کو معلوم نہیں کس لقمے میں برکت ہے
۱۶۶	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کو کیا ہدایت دی جو کھانا شروع کرتے وقت بسم اللہ بھول جائے؟	جب یاد آئے تو بسم اللہ اولہ و اخرہ پڑھ لے
۱۶۷	پیارے نبی ﷺ نے کھانا برتن کے کس طرف سے کھانے کی ہدایت دی ہے؟	ایک کنارے سے
۱۶۸	نبی ﷺ نے گر جانے والے لقمے کے سلسلے میں کیا حکم دیا ہے؟	اسے صاف کر کے کھا لیا جائے
۱۶۹	پیارے نبی ﷺ نے دو گفتگو کرنے والوں کے درمیان کس طرح شامل ہونے کی اجازت دی ہے؟	ان سے اجازت لی جائے
۱۷۰	پیارے نبی ﷺ نے مجلس میں بیٹھنے والوں کے لئے فراخی اور کشادگی پیدا کرنے والوں کو کیا اجر بتایا ہے؟	خدا فراغت اور کشادگی دے گا

۱۷۱	پیارے نبیؐ نے اس آدمی کے بارے میں کیا کہا جو ہمارے چھوٹوں پر رحم نہ کرے اور ہمارے بزرگوں کا ادب نہ کرے؟	وہ ہم میں سے نہیں ہے
۱۷۲	پیارے رسول ﷺ نے کس کے متعلق کہا ہے کہ وہ بوڑھے مسلمان، عالم اور امام عادل کی عزت نہیں کرتا؟	منافق
۱۷۳	پیارے نبیؐ نے کہاں بیٹھنے سے احتیاط کرنے کا حکم دیا ہے؟	راستوں میں
۱۷۴	پیارے نبی ﷺ نے مال تجارت کے سلسلے میں جھوٹی قسم کھانے کا کیا نقصان بتایا ہے؟	برکت ختم ہوجاتی ہے
۱۷۵	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جو خریدنے، بیچنے اور تقاضا کرنے میں نرمی اختیار کرتا ہے؟	اللہ اس پر رحم کرتا ہے
۱۷۶	پیارے نبیؐ نے جھوٹے تاجر کے متعلق کیا وعید سنائی ہے؟	اللہ اس پر رحمت کی نظر نہ ڈالے گا
۱۷۷	پیارے نبی ﷺ نے اس تاجر کے متعلق کیا فرمایا جو خریدار کو عیب دار مال بیچتے ہوئے اس کے نقص سے آگاہ نہ کرے؟	وہ ہمیشہ اللہ کے غضب کا شکار ہوگا
۱۷۸	پیارے نبی ﷺ نے کسی خریدے ہوئے مال کو خریدنے کی کوشش کرنے کے سلسلے میں کیا ہدایت دی ہے؟	خریدنے کی کوشش نہ کرے
۱۷۹	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جو غلہ مہنگا بیچنے کے لئے روک کر رکھے؟	وہ ملعون ہے
۱۸۰	پیارے نبی ﷺ نے ذخیرہ اندوزی کر کے مسلمانوں کے لئے حصول غذا کا دروازہ تنگ کرنے والے کو کیا بددعا دی؟	اللہ اسے جزام میں مبتلا کردے اور اس کی روزی تنگ کردے
۱۸۱	پیارے نبی ﷺ نے پھلوں کی خرید و فروخت کب تک نہ کرنے کا حکم دیا ہے؟	جب تک وہ پختہ نہ ہوجائیں

	سوال	جواب
۱۸۲	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا کہا ہے جو اس حال میں مر جائے کہ اس پر قرض ہو اور اس نے اس کی ادائیگی کے کچھ نہ چھوڑا ہو؟	کبیرہ گناہوں کے بعد سب سے بڑا گناہ
۱۸۳	مقروض کا قرض کب تک اس کے نفس کے ساتھ لٹکا رہتا ہے؟	جب تک اسے ادا نہ کیا جائے
۱۸۴	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جو قرض ادا کرنے کی نیت رکھتا ہو؟	اللہ اس سے ادا کرا دیتا ہے
۱۸۵	پیارے نبی ﷺ نے کس قرض دار کے متعلق فرمایا کہ اللہ اس کا مال تلف کروا دیتا ہے؟	جس کی ادا کرنے کی نیت نہ ہو
۱۸۶	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کو کیا خوش خبری دی ہے جو مقروض کو مہلت دے یا قرض معاف کر دے؟	اللہ اس کو اپنے سایہ میں جگہ دے گا
۱۸۷	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کو کس اجر کی خبر دی ہے جو مقروض کو قرض کی ادائیگی میں مہلت دے؟	ہر دن جس میں اس نے مہلت دی اس کے لئے صدقہ کا اجر ہے
۱۸۸	پیارے نبی ﷺ نے قوم کی بے جا حمایت کی طرف بلانے والے کے بارے میں کیا کہا ہے؟	وہ ہم میں سے نہیں ہے
۱۸۹	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا کہا جس کے دل میں رائی بھر تکبر ہو گا؟	وہ جنت میں نہ جائے گا
۱۹۰	پیارے نبی ﷺ نے امت کے لئے کس چیز کو فتنہ (بڑی آزمائش) قرار دیا ہے؟	مال کو
۱۹۱	پیارے نبی ﷺ نے کیا کہتے ہوئے دولت مندوں کے پاس کم جانے کو کہا ہے؟	خدا کے احسانات کی قدر کم ہو گی
۱۹۲	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جس سے کسی مسلمان بھائی نے معذرت کی مگر اس نے معذرت قبول نہ کی؟	وہ حوض کوثر سے محروم ہے
۱۹۳	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جو لوگوں کی خطا سے درگزر نہیں کرتا اور معذرت قبول نہیں کرتا؟	سب سے برا انسان

۱۹۴	پیارے نبی ﷺ نے اختلاف سے بچنے کا حکم دیتے ہوئے کن لوگوں کے بارے میں کہا کہ وہ اس کی وجہ سے ہلاک ہو گئے؟	پہلے کی قومیں
۱۹۵	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے بارے میں کیا ہدایت دی ہے، جو قوم کے متحد ہونے کے بعد تفرقہ پیدا کرے؟	اس کی تلوار سے خبر لو
۱۹۶	پیارے نبی ﷺ نے اپنے بھائی سے کینہ نہ رکھنے والے کے متعلق کیا کہا ہے؟	اللہ اس کے گناہ معاف کر دے گا
۱۹۷	پیارے نبی ﷺ نے دین میں کوئی نئی چیز شامل کرنے کے بارے میں کیا کہا ہے؟	وہ قابل رد ہے
۱۹۸	پیارے نبی ﷺ نے کس کے متعلق فرمایا کہ اسے تمام لوگوں کے عمل کا ثواب ملے گا؟	صحیح راستے پر بلانے والے کو
۱۹۹	پیارے نبی ﷺ نے بہترین کلام کسے قرار دیا ہے؟	قرآن پاک کو
۲۰۰	پیارے نبی ﷺ نے کس کے طریقے کو بہترین طریقہ کہا ہے؟	اپنے طریقے کو
۲۰۱	پیارے نبی ﷺ نے بدترین چیز کسے قرار دیا ہے؟	بدعت کو
۲۰۲	پیارے نبی ﷺ نے کس برائی کے بارے میں کہا نیکیوں کو اس طرح کھا جاتی ہے جس طرح لکڑی آگ کو؟	حسد
۲۰۳	پیارے نبیؐ نے کس کو دین کو مونڈنے والی قرار دیا ہے؟	دشمنی اور حسد
۲۰۴	پیارے نبی ﷺ نے کن دو چیزوں کے متعلق فرمایا کہ دل میں ایک ساتھ جمع نہیں ہو سکتے؟	حسد اور ایمان
۲۰۵	پیارے نبی ﷺ نے لوگوں پر مستقل بھلائی اور خیر کب تک باقی رہنے کی خبر دی ہے؟	جب تک وہ آپس میں حسد نہ کریں
۲۰۶	پیارے نبی ﷺ نے جانور کا مثلہ کرنے والوں کو کس انجام سے ڈرایا ہے؟	اللہ قیامت کے دن اس کا مثلہ کرے گا
۲۰۷	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی سے کیا کہا جو جانور کے سینے کو گھٹنے سے دبانے کے بعد چھری تیز کر رہا تھا؟	برا ہو تو نے جانور پر بہت سی موتیں جمع کیں

نمبر	سوال	جواب
۲۰۸	پیارے نبی ﷺ نے کسی جاندار کو تیر اندازی وغیرہ کے لئے نشانہ بنانے والے کے بارے میں کیا کہا؟	اس پر لعنت کی ہے
۲۰۹	پیارے نبی ﷺ نے اس سفر میں کیا کرنے کا حکم دیا جس میں تین آدمی ہوں؟	ایک کو امیر بنالیا جائے
۲۱۰	نبی ﷺ نے کس وقت سفر شروع کرنے کی ترغیب دی ہے؟	اندھیرے ہی میں سفر شروع کرو
۲۱۱	پیارے نبی ﷺ نے مقصد سفر کی تکمیل کے بعد کس کام میں جلدی کرنے کی تاکید کی ہے؟	جلدی گھر واپس ہونے کی
۲۱۲	جو آدمی دوران سفر کسی جگہ اترے اور کہے کہ "میں اللہ کے کلمات تامات کی پناہ چاہتا ہوں ہر مخلوق کے شر سے" اسے کیا فائدہ ہوگا؟	اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچائے گی
۲۱۳	پیارے نبی ﷺ نے ایک جنازہ کے ساتھ چند لوگوں کو سوار دیکھ کر کیا فرمایا؟	تم کو شرم نہیں آتی
۲۱۴	پیارے نبی ﷺ نے اس آدمی کے متعلق کیا فرمایا جو جنازے کے پیچھے چلا اور اسے تین بار کندھا دیا؟	اس نے جنازے کا حق ادا کردیا
۲۱۵	نبی ﷺ نے چھینک آنے پر کیا پڑھنے کی ہدایت دی ہے؟	الحمد للہ
۲۱۶	پیارے نبی ﷺ نے چھینک آنے والے کے الحمد للہ کہنے کا کس طرح جواب دینے کے لئے کہا ہے؟	یرحمک اللہ کہنا ہے
۲۱۷	نبی ﷺ نے چھینک کا جواب کتنی بار دینے کے لئے کہا ہے؟	تین بار
۲۱۸	پیارے نبی ﷺ نے کیا کہتے ہوئے جمائی کو امکان بھر روکنے کی ہدایت دی ہے؟	جمائی سے شیطان ہنستا ہے
۲۱۹	پیارے نبی ﷺ نے اس جمائی لینے والے کے بارے میں کیا فرمایا جو جمائی لیتے وقت منہ پر ہاتھ نہیں رکھتا؟	شیطان منہ میں گھس جائے گا

۲۲۰	پیارے نبی ﷺ نے کس چیز کو باپ کی طرف سے اولاد کو اچھا تحفہ قرار دیا؟	اچھا ادب سکھانے کو
۲۲۱	پیارے نبی ﷺ نے اولاد کو سات برس کی عمر میں کس کام کا حکم دینے کی ہدایت دی ہے؟	نماز
۲۲۲	پیارے نبی ﷺ نے کس عمر کے بچوں کو نماز نہ پڑھنے پر مارنے کا حکم دیا ہے؟	دس سال
۲۲۳	پیارے نبیؐ نے کن لوگوں کی دعوت قبول کرنے سے منع کیا ہے؟	فاسقوں کی
۲۲۴	پیارے نبی ﷺ نے کس قرضدار کے بارے میں فرمایا وہ قیامت کے دن چور بن کر اٹھے گا؟	جو قرض ادا کرنے کی نیت نہ رکھے
۲۲۵	پیارے نبی ﷺ نے کس آدمی کے متعلق فرمایا کہ وہ زمین میں دھنسایا جائے گا؟	جس نے کسی کی زمین پر قبضہ کیا
۲۲۶	پیارے نبی ﷺ نے سود کھانے، کھلانے والے، سود کے کاتب اور گواہوں کے بارے میں کیا فرمایا؟	خدا سب پر لعنت کرے
۲۲۷	پیارے نبی ﷺ نے پیشاب کے چھینٹوں سے نہ بچنے پر کیا وعید سنائی ہے؟	یہ عذاب کا باعث ہوگا
۲۲۸	پیارے نبی ﷺ نے لوگوں کے عام راستے پر گندگی ڈالنے والے کو کیا قرار دیا ہے؟	ملعون
۲۲۹	پیارے نبی ﷺ نے راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹانے کو کس کا حصہ قرار دیا ہے؟	ایمان کا حصہ
۲۳۰	پیارے نبی ﷺ نے بلا عذر دعوت ولیمہ قبول نہ کرنے والے کے بارے میں کیا فرمایا؟	اس نے اللہ اور رسول کی نافرمانی کی
۲۳۱	پیارے نبی ﷺ نے صبح دیر تک سونے والے کے بارے میں کیا کہا ہے؟	وہ برکت سے محروم ہوجاتا ہے